Alberta

نیوز ریلیز

ویکسین کی اہلیت میں اضافہ، سنگِ میل پورا ہوا

05 اکتوبر، 2021ء میڈیا انکوائریز

---

75 فیصد سے زائد اہل البرٹنز کو اب کووِڈ-19 سے تحفظ کے مکمل طور پر حفاظتی ٹیکے لگ چکے ہیں جبکہ ہزاروں مزید البرٹنز اب کووِڈ-19 ویکسین کے تیسرے ٹیکے کے اہل ہیں۔

6 اکتوبر سے، 75 سال یا اس سے زائد عمر کے البرٹنز اور فرسٹ نیشنز، انیوئٹ اور میٹیس لوگ جن کی عمریں 65 سال یا اس سے زائد ہیں وہ اپنے دوسرے ٹیکے کے کم از کم چھ ماہ بعد تیسرے ٹیکے کی بکنگ شروع کر سکتے ہیں۔

البرٹا ایڈوائزری کمیٹی برائے امیونائزیشن کی سفارشات پر عمل کرتے ہوئے، البرٹا کینیڈا کے پہلے صوبوں میں سے ہے جس نے اس عمر کے گروپ والے لوگوں کو ویکسین کا تیسرا ٹیکہ پیش کیا ہے۔ عمر رسیدہ البرٹنز اور وہ لوگ جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے یا جو بزرگوں کی معاون رہائشوں میں زندگی گزار رہے ہیں، وہ کووِڈ-19 سے متاثر ہونے کی وجہ سے ہسپتالوں میں داخل ہونے، موت یا دیگر سنگین نتائج کے بڑھتے ہوئے خطرے کی وجہ سے تیسرا ٹیکہ لگوا رہے ہیں۔

صحت کے حکام کینیڈا بھر اور پوری دنیا میں ویکسین کی تاثیر سے متعلق تمام ابھرتے ہوئے شواہد کی نگرانی کرنا جاری رکھیں گے۔

دوہری خوراک کا سنگِ میل پورا ہوا

اس وقت، 75.1 فیصد اہل البرٹنز ویکسین کی دو خوراکیں لگوانے کے بعد کووِڈ-19 سے بچاؤ کے مکمل طور پر حفاظتی ٹیکے لگوا چکے ہیں۔

اس کے علاوہ، 84.5 فیصد اہل البرٹنز نے کم از کم ایک ٹیکہ لگوایا ہے۔ 3 ستمبر تک 500,000 سے زائد پہلا، دوسرا اور تیسرا ٹیکہ لگایا جا چکا ہے۔

تیسرے ٹیکوں کے اہل البرٹنز

75 سال اور اس سے زائد عمر کے البرٹنز، اور 65 سال یا اس سے زائد عمر کے فرسٹ نیشنز، میٹیس اور انیوئٹ لوگوں کے علاوہ، تیسرا ٹیکہ اجتماعی نگہداشت میں رہنے والے بزرگوں کیلئے دستیاب ہے۔ یہ افراد سنگین نتائج اور اجتماعی رہائش گاہوں میں ممکنہ پھیلاؤ کے سب سے زیادہ خطرے میں ہیں، اور وہ موقع پر ہی اپنے ٹیکے لگوائیں گے۔

کمزور مدافعتی نظام کی متعدد حالتیں بھی دوسرا ٹیکہ لگنے کے کم از کم آٹھ ہفتوں کے بعد اضافی ٹیکے کیلئے اہل ہیں۔ مکمل فہرست کیلئے، اس ویب سائٹ پر جائیں alberta.ca/vaccine

ان البرٹنز کیلئے ایم آر این اے کے اضافی ٹیکے بھی دستیاب ہیں جو ایک ایسے دائرہ اختیار میں سفر کر رہے ہیں جو ان وزٹروں کو قبول نہیں کرتا جنھیں کوویشیلڈ/ آسٹرازینیکا یا ملے جلے حفاظتی ٹیکے لگائے گئے ہوں۔

تیسرے ٹیکے کیلئے اپوائنٹمینٹ بک کروانا

75 سال اور اس سے زائد عمر کے البرٹنز اور فرسٹ نیشنز، میٹیس اور انوئٹ افراد جو ریزرو سے باہر رہتے ہیں وہ alberta.ca/vaccine پر بکنگ سسٹم کو استعمال کر کے حصہ لینے والی فارمیسیوں اور فزیشن کلینکس میں تیسرے ٹیکے کیلئے اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتے ہیں۔ البرٹنز 811 پر، حصہ لینے والی فارمیسیوں یا حصہ لینے والے فزیشنز کے دفاتر کو بھی کال کر سکتے ہیں، یا ایک کمیونٹی فارمیسی تلاش کر سکتے ہیں جو واک اِن ویکسینیشن فراہم کرتی ہے۔

65 سال اوراس سے زائد عمرکے افراد جو فرسٹ نیشنز ریزرو پر رہتے ہیں وہ مقامی پبلک ہیلتھ کلینکس آن ریزروکے ذریعے تیسرے ٹیکے تک رسائی حاصل کر سکیں گے۔

اگر آپ کو آپ کی عمرکی وجہ سے نا اہل سمجھا جاتا ہے، یا آپ کو دوسرا ٹیکہ لگوانے کے بعد چھ مہینے نہیں گزرے، تو آپ کو اہل ہونے پر دوبارہ بک کروانے کیلئے کہا جائے گا۔

بیرونی اجتماعات پر پابندیاں

کووِڈ-19 کے پھیلاؤکوکم کرنے کیلئے، پبلک ہیلتھ کا ایک تازہ ترین اقدام 6 اکتوبر سے تمام بیرونی سماجی اجتماعات پر لاگو ہوگا:

- بیرونی نجی سماجی اجتماعات زیادہ سے زیادہ 20 لوگوں تک محدود ہیں، تمام وقت گھرانوں کے درمیان دو میٹر جسمانی فاصلے کے ساتھ۔ یہ 200 حاضرین کی سابقہ حد میں کمی ہے۔
- پبلک ہیلتھ کے دیگر پچھلے تمام اقدامات اس وقت اپنی جگہ پر موجود ہیں۔
- پبلک ہیلتھ کے تمام اقدامات کے بارے میں اضافی معلومات alberta.ca/covid19 پر دستیاب ہیں۔

متعلقہ معلومات

- اپنی کووِڈ-19 ویکسین کی اپوائنٹمینٹ بک کروائیں

میڈیا انکوائریز

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)
780-288-1735
سینئر پریس سیکریٹری، ہیلتھ